SECURITIES AND EXCHANGE
COMMISSION OF PAKISTAN

**PRESS RELEASE**
For immediate release
August 4, 2026

# SECP Forms Working Group to Develop Corporate Debt Market




**ISLAMABAD, AUGUST 4:** In a significant move to deepen Pakistan's capital markets and expand long-term financing options for businesses, the Securities and Exchange Commission of Pakistan (SECP) has constituted a high-level Working Group to undertake a comprehensive review of the regulatory framework of corporate debt market and recommend reforms.

SECP has taken this initiative on guidance of Honorable Finance Minister as he highlighted the development of vibrant corporate debt market as a strategic priority. He further emphasized that Pakistan must move towards a more balanced financial system where corporations should have diversified sources of long-term financing while reducing reliance on conventional bank lending.

The Working Group, led by SECP Commissioner Ali Farid Khawaja, comprises representatives from the Ministry of Finance, SECP, capital market institutions, financial institutions, credit rating agency, legal experts, and other market participants. With broad-based representation, the Working Group will formulate practical recommendations focusing on three key areas: reducing the complexity of the issuance process, lowering issuance costs, and standardizing legal documentation to simplify debt issuances and reduce the time and cost involved.

The Group's recommendations will form the basis for future regulatory and policy reforms to strengthen the corporate debt market, improve market efficiency, enhance businesses' access to long-term capital.

Chairman SECP Dr. Kabir Ahmed Sidhu said, *"Deepening the corporate debt market is a strategic priority. A stronger debt market will broaden long-term financing avenues for companies, attract institutional investment, and support infrastructure and industrial development."*

SECURITIES AND EXCHANGE
COMMISSION OF PAKISTAN
SECP

**PRESS RELEASE**
For immediate release
August 4, 2026

# ایس ای سی پی نے کارپوریٹ ڈیبٹ مارکیٹ میں اصلاحات کے لیے ورکنگ گروپ قائم کردیا



اسلام آباد، 4اگست: سیکیورٹیزاینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) نے ملک میں ڈیبٹ کیپیٹل مارکیٹ کے فروغ اور اسے مزید مضبوط، مؤثر اور متحرک بنانے کے لیے ایک اعلیٰ سطحی ورکنگ گروپ تشکیل دے دیا ہے۔

اس اقدام کا مقصد کارپوریٹ سیکٹر، صنعت اور حکومت کو طویل المدتی سرمایہ کے متنوع ذرائع فراہم کرنا، روایتی بینک فنانسنگ پر انحصار کم کرنا، اور پاکستان میں ڈیبٹ کیپیٹل مارکیٹ کی ترقی کو فروغ دینا ہے۔

ایس ای سی پی کے کمشنر جناب محمد علی فرید خواجہ کی سربراہی میں قائم ورکنگ گروپ کارپوریٹ ڈیبٹ مارکیٹ کا جامع جائزہ لے گا، اس کی ترقی میں حائل رکاوٹوں کی نشاندہی کرے گا، اور مقررہ مدت میں بین الاقوامی معیارات سے ہم آہنگ، قابلِ عمل سفارشات ایس ای سی پی کو پیش کرے گا۔

ورکنگ گروپ میں وزارتِ خزانہ، ایس ای سی پی، کیپیٹل مارکیٹ کے اداروں، بینکوں، مالیاتی اداروں، کریڈٹ ریٹنگ ایجنسیوں، قانونی ماہرین اور دیگر اہم مارکیٹ اسٹیک ہولڈرز کے نمائندگان شامل ہیں۔

وسیع نمائندگی پر مشتمل یہ ورکنگ گروپ تین اہم شعبوں پر توجہ دیتے ہوئے قابلِ عمل سفارشات مرتب کرے گا، جن میں ڈیبٹ سیکیورٹیز کے اجرا کے طریقہ کار کو آسان بنانا، اجرا کی لاگت میں کمی لانا، اور قانونی دستاویزات کو معیاری بنانا شامل ہے، تاکہ اجرا کا عمل تیز، آسان اور کم لاگت بنایا جاسکے۔ گروپ ڈیبٹ سیکیورٹیز کے اجرا میں اضافے، سرمایہ کاروں کی زیادہ شمولیت اور پاکستان کی کارپوریٹ ڈیبٹ مارکیٹ کے فروغ کے لیے عملی سفارشات پیش کرے گا۔

ورکنگ گروپ کی سفارشات مستقبل میں کارپوریٹ ڈیبٹ مارکیٹ کو مضبوط بنانے، مارکیٹ کی استعداد اور کارکردگی بہتر بنانے اور کاروباری اداروں کی طویل المدتی سرمایہ تک رسائی کو آسان بنانے کے لیے ریگولیٹری اور پالیسی اصلاحات کی بنیاد فراہم کریں گی۔

چیئرمین ایس ای سی پی ڈاکٹر کبیر احمد سدھو نے کہنا ہے کہ کارپوریٹ ڈیبٹ مارکیٹ کا فروغ اور استحکام ایس ای سی پی کی اہم ترجیح ہے۔ ایک مضبوط ڈیبٹ مارکیٹ کارپوریٹ سیکٹر، صنعت اور حکومت کے لیے طویل المدتی سرمایہ کے متنوع ذرائع فراہم کرے گی، ادارہ جاتی سرمایہ کاری کو فروغ دے گی اور انفراسٹرکچر و صنعتی ترقی میں اہم کردار ادا کرے گی۔